**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں ملاحظہ

# MMRV ویکسین (خسرہ، کن پیڑے، خسرہ کاذب، اور چھوٹی چیچک): *آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے*

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**MMRV ویکسین خسرہ، کن پیڑے، خسرہ کاذب**، اور **چھوٹی چیچک** کی روک تھام کر سکتی ہے۔

- **خسرہ (MEASLES, M)** بخار، کھانسی، ناک بہنا، اور سرخ، پانی بھری آنکھوں کا سبب بنتا ہے، جس کے بعد عام طور پر سرخ باد ہوتا ہے جو پورے جسم کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ یہ مرض کا دورہ (اکثر بخار سے وابستہ)، کان میں انفیکشن، اسہال، اور نمونیا کا باعث بن سکتا ہے۔ شاذ و نادر ہی، خسرہ دماغ کو نقصان پہنچنے یا موت کا سبب بن سکتا ہے۔
- **کن پیڑے (MUMPS, M)** بخار، سر درد، پٹھوں میں درد، تھکاوٹ، بھوک میں کمی، اور کانوں کے نیچے سوجن اور تھوک کے غدود کی بیش حساسیت کا سبب بنتے ہیں۔ یہ بہرا پن، دماغ کی سوجن اور/یا ریڑھ کی ہڈی کو ڈھانپنے، خصیوں یا بیضہ دانی کی دردناک سوجن، اور، شاذ ونادر ہی موت کا باعث بن سکتے ہیں۔
- **خسرہ کاذب (RUBELLA, R)** بخار، گلے میں خراش، خارش، سر درد اور آنکھوں میں جلن کا سبب بنتا ہے۔ یہ نصف تک نوعمروں اور بالغ خواتین میں گٹھیا کا سبب بن سکتا ہے۔ اگر کسی خاتون کو حاملہ ہونے کے دوران روبیلا ہو جاتا ہے، تو اس کا اسقاط حمل ہو سکتا ہے یا بچہ سنگین پیدائشی نقائص کے ساتھ پیدا ہو سکتا ہے۔
- **چھوٹی چیچک (VARICELLA, V)**، جسے "چکن پاکس" بھی کہا جاتا ہے، بخار، تھکاوٹ، بھوک کی کمی اور سر درد کے علاوہ خارش زدہ دانے کا سبب بنتی ہے۔ یہ جلد کے انفیکشنز، نمونیا، خون کی نالیوں کی سوزش، دماغ اور/یا ریڑھ کی ہڈی کی سوجن، اور خون، ہڈیوں یا جوڑوں کے انفیکشن کا باعث بن سکتی ہے۔ کچھ لوگ جن کو چکن پاکس ہوتا ہے انہیں برسوں بعد دردناک دھبے ہوتے ہیں جنہیں "شِنگلز" (جسے ہرپس زوسٹر بھی کہا جاتا ہے) کہتے ہیں۔

زیادہ تر لوگ جن کو MMRV کا ٹیکہ لگایا گیا ہے وہ زندگی بھر محفوظ رہیں گے۔ ویکسین اور ویکسینیشن کی اعلٰی شرحوں نے ان بیماریوں کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بہت کم عام بنا دیا ہے۔

## 2. MMRV ویکسین

MMRV ویکسین **12 ماہ سے 12 سال تک کے بچوں** کو دی جا سکتی ہے، عام طور پر:

- پہلی خوراک: عمر 12 سے 15 ماہ میں
- دوسری خوراک: عمر 4 سے 6 سال میں

MMRV ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے۔ MMRV کے بجائے، کچھ بچوں کو MMR (خسرہ، کن پیڑے، اور خسرہ کاذب) اور چھوٹی چیچک کے لیے الگ الگ ٹیکے مل سکتے ہیں۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کننده سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کننده کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **MMR ،MMRV یا چھوٹی چیچک کی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردِعمل ہوا ہے**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**
- **حاملہ ہو** یا وہ سوچتی ہو کہ وہ حاملہ ہو سکتی ہیں—حاملہ خواتین کو MMRV ویکسین نہیں لگوانی چاہیے
- ایک **کمزور مدافعتی نظام** ہو، یا اس کے **والدین، بھائی، یا بہن ہیں جن کی تاریخ موروثی یا پیدائشی مدافعتی نظام کے مسائل ہوں**
- کبھی کوئی **حالت رہی ہو جس سے اسے زخم آئے یا آسانی سے خون بہے**
- **مرض کے دورے کی سرگزشت ہو، یا اس کے والدین، بھائی، یا بہن کو مرض کے دورے کی شرگزشت ہو**
- **سیلی سائلیٹس لے رہا ہو** (جیسے ایسپرین)
- حال ہی میں **خون لگوایا گیا ہو یا خون کی دوسری مصنوعات حاصل کی ہوں**
- **تپ دق ہو**
- **گزشتہ 4 ہفتوں میں کوئی دوسری ویکسین ملی ہو**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کننده مستقبل کے دورے تک MMRV ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے یا تجویز کر سکتا ہے کہ بچے کو MMRV کی بجائے الگ الگ MMR اور چھوٹی چیچک کے ٹیکے لگوائیں۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو بچے تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر MMRV ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کننده آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- انجیکشن سے بازو میں زخم یا لالی جہاں ٹیکہ لگایا گیا ہے، بخار، اور MMRV ویکسینیشن کے بعد ہلکے دانے ہو سکتے ہیں۔
- گالوں یا گردن میں غدود کی سوجن یا عارضی درد اور جوڑوں میں سختی بعض اوقات MMRV ویکسینیشن کے بعد ہوتی ہے۔
- مرض کے دورے، اکثر بخار سے منسلک ہوتے ہیں، MMRV ویکسین کے بعد ہو سکتے ہیں۔ MMRV کے بعد مرض کے دوروں کا خطرہ چھوٹے بچوں میں دو خوراکوں کی سیریز کی پہلی خوراک کے طور پر دی جانے والی علیحدہ MMR اور چھوٹی چیچک کی ویکسین کے بعد زیادہ ہوتا ہے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کے بچے کے لیے مناسب ویکسین کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتا ہے۔
- زیادہ سنگین رد عمل شاذ ونادر ہی ہوتے ہیں، بشمول عارضی طور پر کم پلیٹلیٹ کا شمار، جو غیر معمولی خون بہنے یا زخموں کا سبب بن سکتا ہے۔
- مدافعتی نظام کے سنگین مسائل والے لوگوں میں، یہ ویکسین ایک انفیکشن کا سبب بن سکتی ہے جو جان لیوا ہو سکتی ہے۔ مدافعتی نظام کے سنگین مسائل والے افراد کو MMRV ویکسین نہیں لگوانی چاہیے۔

اگر کسی شخص کو MMRV ویکسینیشن کے بعد خارش پیدا ہوتی ہے، تو اس کا تعلق خسرہ یا ویکسین کے چھوٹی چیچک جزو سے ہو سکتا ہے۔ چھوٹی چیچک کی ویکسین کا وائرس کسی غیر محفوظ شدہ شخص میں پھیل سکتا ہے۔ جس کسی کو بھی خارش ہو اسے شیر خوار بچوں اور کمزور مدافعتی نظام والے لوگوں سے اس وقت تک دور رہنا چاہیے جب تک سرخ باد دور نہ ہو جائے۔ مزید جاننے کے لیے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔

کچھ لوگ جنہیں چکن پاکس کے خلاف ویکسین لگائی جاتی ہے انہیں برسوں بعد شنگلز (ہرپس زوسٹر) ہو جاتے ہیں۔ یہ ویکسینیشن کے بعد چکن پاکس کی بیماری کے مقابلے میں بہت کم عام ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام (National Vaccine Injury Compensation Program, VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جنہیں کچھ ویکسینوں سے ضرر پہنچا تھا۔ ویکسینیشن کی وجہ سے مبینہ چوٹ یا موت کے حوالے سے دعوے دائر کرنے کے لیے ایک وقت کی حد ہے، جو دو سال تک مختصر ہو سکتی ہے۔ پروگرام کے بارے میں جاننے اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں VICP کی ویب سائٹ **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** ملاحظہ فرمائیں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636** (**1-800-CDC-INFO**) پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org